02/1/26

C.O

AD (Pub)

02/01/26

DD (P&PR)

02/01/2026.

Dir (Prog)

THE DAILY JANG LAHORE

روزنامہ

جنگ لاہور

بانی..... میر خلیل الرحمٰن

صفحات 10 قیمت 35 روپے

جلد 48

جمعہ 12 رجب المرجب 1447ھ 2 جنوری 2026ء 20 پوہ 2082ب

شمارہ 75

## نیا سال مستحق افراد کے لیے خوشحالی کا پیغام لائیگا، سہیل شوکت

لاہور (خبرنگار) صوبائی وزیر سوشل ویلفیئر و بیت المال سہیل شوکت بٹ نے قوم کو نئے سال کی مبارکباد دیتے ہوئے دعا کی ہے کہ نیا سال مستحق اور خصوصی افراد کی زندگیوں میں خوشحالی، آسانیاں اور سہولتیں لے کر آئے۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے فلاحی وژن کے تحت "ہمت کارڈ"، "دھی رانی پروگرام" اور خصوصی افراد کے لیے اسسٹیو ڈیوائسز جیسے فلاحی منصوبے نئے سال میں بھی تسلسل کے ساتھ جاری رہیں گے۔ سہیل شوکت بٹ کا کہنا تھا کہ محکمہ سوشل ویلفیئر و بیت المال کے تحت جاری تمام فلاحی منصوبے عام آدمی کو باوقار زندگی فراہم کرنے کی عملی ضمانت ہیں اور حکومت معاشرے کے کمزور طبقات کی فلاح کیلئے بھرپور اقدامات کر رہی ہے۔

وہی ہے مشرق و مغرب کا مالک (القرآن)

روزنامہ

# مشرق

لاہور

چیف ایگزیکٹو حاجی شوکت علی کاکڑ

چیف ایڈیٹر، عبدالباقی کاکڑ

جلد:15 | جمعۃ المبارک 12 رجب المرجب 1447ھ 2 جنوری 2026ء 20 پوہ 2082 ب صفحات:26 قیمت:35 روپے | شمارہ:283


## سیکرٹری سوشل ویلفیئر و بیت المال

# عوامی توقعات پر پورا اترنے کیلئے ادارے کی سروس ڈلیوری کو بہتر بنایا جا رہا ہے

## وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز کا ویژن بڑا کلیئر، خدمت کیلئے دعوؤں کی بجائے عملی اقدامات پر یقین رکھتی ہیں

## سی ایم انی شیٹو کے تحت سوشل ویلفیئر کی 3 سکیمیں جاری جن کی مجموعی لاگت 6.7 ارب روپے سے زائد ہے

## "دھی رانی پروگرام" میں رجسٹرڈ درخواستوں کی تعداد 14212 ہے، جاوید اختر محمود کی "مشرق" سے گفتگو



لاہور (قاضی ندیم اقبال) سیکرٹری سوشل ویلفیئر و بیت المال جاوید اختر محمود نے کہا ہے کہ عوام کو ریلیف دینے، ان کو سرکاری سطح پر ہر ممکنہ سہولیات کی فراہمی کے حوالے سے وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کا ویژن بڑا کلیئر ہے۔ وہ عوامی خدمت کے دعوؤں کی (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 1)

بقیہ | مشرق | 1

بجائے عملی اقدامات پر یقین رکھتی ہیں۔ وزیراعلیٰ کے ویژن، حکومتی ترجیحات کی روشنی میں محکمہ سوشل ویلفیئر و بیت المال حقیقی معنوں میں عوام کی توقعات پر پورا اترنے کی غرض سے روزانہ کی بنیاد پر اپنی سروس آف ڈلیوری کو بہتر بنا رہا ہے۔ ہمارا عزم ہے کہ جو ذمہ داری صوبائی حکومت نے سونپی ہے، نیک نیتی سے کام کرتے ہوئے اس ذمہ داری کو احسن انداز میں نبھایا جائے اور الحمدللہ اس حوالے سے کامیابی بھی مل رہی ہے۔ گزشتہ سالوں کے دوران وزیراعلیٰ پنجاب کی جانب سے دی جانے والی گائیڈ لائنز پر عملدرآمد کے سبب ادارہ پر عوام کے اعتماد میں روزانہ کی بنیاد پر اضافہ ہو رہا ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے "مشرق" کو دیے گئے انٹرویو میں کیا۔ وزیراعلیٰ انی شیٹو پروگرام کی بابت کیے گئے سوال کے جواب میں جاوید اختر محمود نے کہا کہ سی ایم انی شیٹو کے تحت سوشل ویلفیئر کی 3 سکیمیں جاری ہیں۔ جن کی مجموعی لاگت 6.7 ارب روپے سے زائد ہے۔ ہمت کارڈ سکیم کی مالیت 4 ارب روپے ہے۔ اس سکیم کے تحت اب تک 91 ہزار معذور افراد مستفید ہو چکے ہیں، انہیں ہمت کارڈ کے ذریعے 10 ہزار 500 روپے فی کس ادائیگی کی گئی ہے۔ وزیراعلیٰ پنجاب کا اجتماعی شادیوں کا پروگرام (دھی رانی پروگرام) مجموعی طور پر 1.7 ارب روپے کی سکیم ہے۔ اس سکیم میں رجسٹرڈ درخواستوں کی تعداد 14212 ہے۔ جن میں سے 8 ہزار سے زائد درخواستوں کی تصدیق ہو چکی۔ اور ان میں سے اب تک 05 ہزار شادیاں صوبہ کے مختلف مقامات پر کروائی جا چکی ہیں۔ ہر دلہن کو 02 لاکھ روپے سلامی کی رقم بینک آف پنجاب کے اے ٹی ایم کی وساطت سے ان کے اکاؤنٹ میں ٹرانسفر کی جاتی ہے۔ دولہا اور دولہن کے پہلے دن کے کپڑے حکومت پنجاب کی جانب سے فراہم کیے جاتے ہیں جبکہ دونوں جانب سے دس دس مہمان بھی اجتماعی شادیوں کی تقریب میں مدعو ہوتے ہیں۔ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے "پنجاب دھی رانی پروگرام" کی منظوری دی۔ اس پروگرام کا مقصد مستحق والدین کو ان کی سماجی و مذہبی ذمہ داری عزت و وقار کے ساتھ پوری کرنے میں مدد فراہم کرنا ہے۔ اسلام میں شادی ایک مقدس سماجی معاہدہ ہے جو ایک خوشحال اور مستحکم خاندانی زندگی کی بنیاد ہے۔ ملک کی موجودہ معاشی صورتحال اور مالی مشکلات کی وجہ سے بہت سے نادار والدین اپنے بچوں کی شادی نہیں کر پا رہے۔ اجتماعی شادیوں کا پروگرام معاشرے میں حکومت کی سرپرستی، امید اور استحکام کو فروغ دے کر ایک مثبت اثر مرتب کر رہا ہے۔ سی ایم انی شیٹو کے تحت تیسرا منصوبہ وہیل چیئرز سمیت دیگر اہم آلات کی معذور افراد کو فراہمی ہے۔ یہ ایک ارب روپے کا منصوبہ ہے۔ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے اسپیشل ویلفیئر و وہیل چیئر پروگرام کے تحت اب تک 13 ہزار 400 معذور افراد کو وہیل چیئرز کے ساتھ ساتھ دیگر جدید بایونک مصنوعی اعضا کی فراہمی کی جا چکی ہے۔ نابینا افراد کی کفالت اور انہیں معاشرے کا مفید شہری بنانے کی غرض سے پوچھے گئے سوال کے جواب میں سیکرٹری سوشل ویلفیئر اینڈ بیت المال جاوید اختر محمود نے کہا کہ وزیراعلیٰ پنجاب کے ویژن کی روشنی میں نابینا افراد کو 12 ہزار روپے ماہانہ وظیفہ دینے کی سکیم بھی جاری ہے۔ اس ضمن میں ہمیں پنجاب انفارمیشن ٹیکنالوجی بورڈ کی معاونت [illegible]